12/06/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نئی دلی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ جموں کشمیر کے ریاستی درجے کی بحالی کے علاوہ اقتصادی اور ترقیاتی معاملات پر بات کر کے ترقی ، رابطہ کاری ، روزگار اور بنیادی ڈھانچے کے لئے مرکز کا لگاتار تعاون طلب کیا ۔

وزیر اعلیٰ نے ریاستی درجے کی بحالی کے بارے میں عوام کی امنگوں کو خاص طور پر وزیر اعظم کے سامنے رکھا اور اس کی جلد بحالی پر زور دیا ۔

اس دوران وزیر اعلیٰ نے قومی راجدھانی میں نیتی آیوگ کی 11 ویں گورننگ کونسل میٹنگ میں بھی شرکت کی جہاں انہوں نے روزگار ، سیاحت ، بنیادی ڈھانچے اور ترقیاتی ترجیحات کو اجا گر کیا ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کھیل کود کے شعبے میں سرمایہ کا ری اس شعبے کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ کھلاڑیوں کو بہتر موقعے فراہم کرنے میں مدد گار ثابت ہوسکتی ہے۔

ہاکی انٹر سکول ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے Alfa سرینگر میں کہا کہ جمونو کشمیر کے اُبھرتے ہوئے کھلاڑی کھیلوں کے شعبے میں بہتر کار کر دگی کا مظاہرہ کر کے یوٹی کا نام روشن کر رہے ہیں۔

جاويد احمدرانا

جل شکتی، جنگلات وماحوليات اور قبائلی امور کے وزير جاويد احمدرانا نے کہا ہے کہ عمر عبدالله کی قيادت والیحکومت معاشرے کے ہر طبقے کی ضروريات کو پورا کرنے کے ليے پوری طرح سے پرعزم ہے ۔وه ان سے ملنے آئے جموں خطے کے کئی وفود سے بات کر رہے تهے ۔

وزير موصوف نے محکمہ جل شکتی کے افسروں کو زمينی سطح پر جائزه لے کر عوام کے لئے پينے کے صاف پانی کی بلا رکاوٹ فراہمی يقينی بنانے کی ہدايت دی ۔

جاويد احمد ڈار

کسانوں کی بہبود سے متعلق جے اينڈ کے مشاورتی بورڈ کے اہتمام سے شير کشمير يونيورسٹی آف ايگريکلچرل سائنسز اينڈ ٹيکنالوجی کشمير کے کيمپس ميں ترقی پسند کسانوں کےلئے ايک روزه تربيتی کيمپ منعقد ہوا جس دوران کسانوں کو کاشتکاری کی جديد اور سائنسی طور طريقوں کے بارے ميں جانکاری دی گئی ۔

کسانوں کو يونيورسٹی روانہ کرنے کے موقعے پر زراعت کے وزير جاويد احمد ڈار نے کہا کہ فصل بيمہ سکيم سرکار کے زير غور ہے۔ ميڈيا نمائندوں کے ساته بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈپٹی کمشنر گاندر بل

ڈپٹی کمشنر گاندر بل جتن کشور نے ايک ميٹنگ کے دوران مشن يووا کی پيشرفت کا جائزه ليا اور اس سکيم کے تحت موصول ہونے والی قرضے کی درخواستوں کی منظوری کے سلسلے ميں پيش رفت کا جائزه لينے کی غرض سے ضلع سطح کی عمل آوری کميٹی کی ميٹنگ کی صدارت کی ۔

انہوں نے ليڈ ڈسٹرکٹ مينيجر کو ہدايت دی کہ وه کيسوں کی منظوری کی رفتار بڑهاتے ہوئے روزانہ کی بنياد پر اہداف مقرر کريں ،تاکہ خواہش مند کاروباری افراد بغير کسی تاخير کے اپنا کاروبار شروع کر سکيں ۔

وحيد الرحمان پره

پلوامہ کے ايم ايل اے وحيد الرحمان پره نے پلوامہ ، کاکہ پوره پانپور سڑک کی خستہ حالت پر مايوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خطے کے سب سے بڑے صنعتی مراکز کو جوڑنے والی يہ سڑک فوری تجديد و مرمت کا تقاضہ کرتی ہے ۔

ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ انتہائی اہم سڑک علاقے کے عام لوگوں کے ساتھ ساتھ تجارت اور اقتصادی ترقی کی راہداری بھی ہے ۔

تعزیت

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی اور ادارے کے دیگر عملے نے ٹرسٹ ہاسپٹل سکمز کے سابق سربراہ پروفیسر جی ایم دھر کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

ادارے کے عملے نے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے ۔

پولیس

جموں کشمیر پولیس نے گاندربل ضلعے میں معدنیات کی غیر قانونی نکاسی میں استعمال کی جانے والی چار گاڑیوں کو ضبط کیا ہے ۔ ان میں ایک ٹریکٹر اور تین ٹِپر شامل ہیں ۔

اسی طرح کی کاروائی میں شوپیان پولیس نے بھیمعدنیات کی غیر قانونی کانکنی میں استعمال ہونے والے چار ٹریکٹر وں کو اپنی تحویل میں لیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ24 اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خداحافظ